# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

میٹرک

برائے

ایف اے

اوورسیز طلبہ

## پراسپکٹس

Overseas Section,
International Collaboration and Exchange Office

Web: https://aiou.edu.pk/overseasdel.asp
Email: overseas@aiou.edu.pk
Tel: +92 51 9057165
+92 51 9250175



# طلبہ کے نام وائس چانسلر کا پیغام

عزیز طلبا!

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کا شمار دنیا کی میگا یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے۔ یہ جامعہ بہت سی منفرد حیثیتوں کے حوالے سے دنیا بھر میں ممتاز مقام رکھتی ہے۔ اس یونیورسٹی کا دائرہ کار سمسٹر خزاں 2021 سے پوری دنیا میں پھیلا دیا گیا ہے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی پوری دنیا میں مقیم پاکستانیوں کو تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرتی ہے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے جدید ترین ٹیکنالوجی کے استعمال کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے تعلیمی پروگرام پوری دنیا میں پیش کرنے پر عملدرآمد شروع کر دیا ہے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی پاکستان کی واحد جامعہ ہے جس میں عمر اور علاقے کی کوئی قید نہیں ہے۔ دنیا بھر میں مقیم پاکستانی جہاں کہیں بھی ملازمت یا کاروبار کرتے ہیں وہ بغیر کہیں جائے اپنے گھر بیٹھے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے جدید ترین آنلائن طریقہ تعلیم سے تعلیمی استعداد میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

پروفیسر ڈاکٹر ضیاًالقیوم

وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

سمسٹر خزاں 2021

داخلہ کی آخری تاریخ

6 ستمبر 2021

## ضروری تاکید

اگر آپ جاری طالب علم یا طالبہ ہیں اور آپ کو جاری طلبہ کا داخلہ فارم موصول نہیں ہوا تو جاری طلبہ کا فارم ہماری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں اور فیس کے ساتھ ہمارے ایڈریس پر بھیج دیں۔ اس فارم پر اپنا رول نمبر اور رجسٹریشن نمبر ضرور تحریر کریں۔ اگر آپ کی رجسٹریشن علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے کسی بھی پروگرام میں پہلے ہو چکی ہے تو دوبارہ رجسٹریشن نہ کروائیں وہی پہلے والا رجسٹریشن نمبر درج کریں وگرنہ آپ کا داخلہ منسوخ ہو سکتا ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ایک پبلک سیکٹر یونیورسٹی ہے جس کی تمام ڈگریاں ہائر ایجوکیشن کمیشن سے منظور شدہ ہے۔ پاکستان کے علاوہ ممالک میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ڈگری کو تسلیم کرنا متعلقہ ممالک کی حکومت کی پالیسی پر منحصر ہے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے علاوہ کسی بھی ملک کے ادارے یا اتھارٹی یا وزارت سے ڈگری تسلیم کروانے کے لئے پابند نہیں ہے۔

اگر کسی طالب علم نے ایک کورس میں داخلہ لے کر اسے پاس کر لیا ہے تو دوبارہ کسی صورت میں اس میں داخلہ نہ لے، دوبارہ داخلہ لینے کی ضرورت میں فیس ایڈجسٹ یا واپس نہیں ہو گی اور نہ ہی دوبارہ کئے گئے کورسز کے نمبر سرٹیفکیٹ / ڈگری میں شامل ہوں گے۔

Minimum and Maximum Duration/Semesters: Programs on ODL Mode

| Sr. No. | Degree Level | Minimum Duration | Maximum Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | Matric/FA | 2 Years/4 Semesters | 5 Years |
| 2 | Certificate (6 Months) | 6 months/1 Semester | 1 Year |
| 3 | All Postgraduate Diplomas (1 Year) | 1 Year/ 2 Semesters | 1 3 Years |
| 4 | Associate Degree (2 Years) | 2 Years/4 Semesters | 4 Years |
| 5 | B.Ed (1.5 Year) | 1.5 Year / 3 Semesters | 3 Years |
| 6 | B.Ed (2.5 Years) | 2.5 Years / 5 Semesters | 5 Years |
| 7 | BS/BBA/B.Ed (4Years) | 4 Years / 8 Semesters | 8 Years |
| 8 | M.Ed (1 Years) | 1 Year/ 2 Semesters | 3 Years |
| 9 | All Masters Degree Programs (2 Years) | 2 Years / 4 Semesters | 4 Years |

نوٹ: سمسٹر بہار 2021 سے میٹرک اور ایف اے لیول کے پروگرامز پاس کرنے کا دورانیہ کم از کم دو سال (چار سمسٹر) ہے اور زیادہ سے زیادہ پانچ سال (10 سمسٹرز) ہے اگر طالب علم پروگرام کی تکمیل پانچ سال میں نہیں کر پاتا تو اسے مذکورہ پروگرام میں دوبارہ نیا داخلہ لینا پڑے گا۔

# تعلیمی پروگرامز برائے سمسٹر خزاں 2021

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے بیرون ملک طلبہ کے لئے سمسٹر خزان 2021 میں داخلے 15 جولائی 2021 سے شروع ہو چکے ہیں۔ سمسٹر خزاں 2021 سے پوری دنیامیں مقیم پاکستانیوں کے لئے 30 سے زیادہ تعلیمی پروگرام پیش کر رہی ہے۔ سمسٹر خزاں 2021 میں میٹرک اور انٹر میڈیٹ لیول پر مندرجہ ذیل پروگرام پیش کئے جارہے ہیں:

| | |
|---|---|
| سیکنڈری (میٹرک) نئ تعلیمی پالیسی کے تحت | ہائر سیکنڈری (انٹر میڈیٹ) نئ تعلیمی پالیسی کے تحت |

## داخلہ فارم پُر کرنے سے پیشتر مندرجہ ذیل ہدایات پڑھنا لازم ہیں۔

| | |
|---|---|
| 1 | داخلہ فارم پر اپنے گروپ کے مطابق چار ہندسوں کا پروگرام کوڈ ایڈمیشن فارم کے متعلقہ خانوں میں لازمی لکھیں۔ |
| 2 | داخلہ فارم پر اپنے گروپ کا نام لازمی لکھیں۔ |
| 3 | یونیورسٹی میں پہلی مرتبہ داخلہ لیتے وقت رجسٹریشن فیس جمع کروانا ضروری ہے، پہلے سے رجسٹرڈ طلبہ داخلہ فارم پر اپنا رجسٹریشن نمبر لکھیں۔ |
| 4 | (الف) داخلہ فارم کے ہمراہ بورڈ سے جاری شدہ اسناد / مارکس شیٹ جس میں پاس شدہ مضامین کی تفصیل درج ہو، شناختی کارڈ، ڈومیسائل کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک کرنا لازم ہے ورنہ داخلہ ممکن نہ ہو گا۔ ریزلٹ کارڈ کا انٹرنیٹ کا پرنٹ قابل قبول نہیں ہو گا۔<br>(ب) یونیورسٹی ہذا سے سیکنڈری / ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ مکمل کرنے والے طلبأ و طالبات پروویژنل سرٹیفکیٹ یا سند کی مصدقہ نقول لف کریں۔ (رزلٹ کارڈ پر داخلہ ممکن نہ ہو گا)۔<br>(ج) یونیورسٹی کے کسی بھی پروگرام میں داخلہ کے لئے عرب ممالک میں مقیم طلبہ اپنے شناختی کارڈ، پاسپورٹ، ویزا اور اقامہ کی تصدیق شدہ کاپیاں داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں عرب ممالک کے علاوہ بیرون ملک پاکستانی اپنے داخلہ فارم کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی اور موجودہ رہائش کے ملک کے شناختی کارڈ / پاسپورٹ / ڈرائیونگ لائسنس کی کاپی منسلک کریں۔<br>د۔ میٹرک پروگرام میں داخلہ کے لئے امیدوار اپنے شناختی کاغذات منسلک کریں۔<br>ر۔ دینی مدارس اور بیرون ملک کی تعلیمی قابلیت کی اسناد کے حامل امیدواروں کے لئے ضروری ہے کہ وہ حکومت پاکستان کی پالیسی کے مطابق جاری کردہ نصاب کے لازمی مضامین پاس ہوں اور انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین سے مساوی تعلیم کا سرٹیفکیٹ |

| | |
|---|---|
| | حاصل کر کے داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ مساوی سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے مندرجہ ذیل لنک وزٹ کریں۔<br>https://ibcc.edu.pk/rules-for-equivalence/<br>نوٹ: غیر تصدیق شدہ، غیر واضح فوٹو کاپیاں نا قابل قبول ہیں۔ داخلہ کے لئے ای میل پر بھیجی گئی دستاویزات نا قابل قبول ہیں۔ |
| 5 | فیس جمع کروانے سے پہلے اس بات کی تسلی کر لیں کہ فیس متعلقہ پروگرام / کورسز کے حساب سے جمع کروا رہے ہیں کیونکہ فیس کم ہونے کی صورت میں آپ کا داخلہ نہیں ہو گا۔ زیادہ فیس جمع کروانے کی صورت میں فیس نہ تو قابل واپسی ہو گی نہ دوسرے سمسٹر / پروگرام یا طالب علم کو ایڈجسٹ ہو گی۔ |
| 6 | مقررہ مدت میں پروگرام مکمل کرنے کے لئے لازم ہے کہ طلبا٫و طالبات ہر سمسٹر (جنوری، جولائی) کا داخلہ فارم مع فیس جمع کروائیں۔ تمام جاری طلبا٫و طالبات کو کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم ہر سمسٹر شروع ہونے سے پہلے درسی کتب کے ہمراہ ارسال کئے جاتے ہیں اگر کسی وجہ سے طالب علم کو داخلہ فارم موصول نہ ہو تو وہ یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے داخلہ فیس کے ہمراہ جمع کروائے۔ |
| 7 | کسی بھی لحاظ سے نامکمل (مثلاً کم فیس، غیر تصدیق شدہ / غیر واضح اسناد، نامکمل معلومات) داخلہ فارم قابل قبول نہ ہو گا۔ سمسٹر کے اختتام پر فارم میں خامی / اعتراض کی نشاندہی بذریعہ ای میل، ویب سائٹ کی جائے گی البتہ اعتراض دور کرنے کی صورت میں آئندہ سمسٹر میں داخلہ ممکن ہو گا۔ |
| 8 | طلبا٫و طالبات کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنا پتہ برائے خط و کتابت (پاکستان اور بیرون ملک)، ای میل ایڈریس اور ٹیلی فون نمبر (پاکستان اور بیرون ملک) واضح طور پر متعلقہ خانوں میں تحریر کریں۔ کسی کی معرفت پتہ تحریر کرنے یا پوسٹ بکس نمبر پر یونیورسٹی داخلہ نہ دینے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ |
| 9 | داخلہ فارم کے ہمراہ داخلہ فیس ویب سائٹ پر دی گئی ہدایات کے مطابق جمع کروانا لازم ہے۔ بذریعہ سوفٹ کوڈ، بینک ٹرانسفر، بینک ڈرافٹ و دیگر کسی ذریعہ سے ارسال کی گئی فیس نا قابل قبول ہو گی اور یونیورسٹی داخلہ نہیں کرے گی۔ |
| 10 | داخلہ اور کتب نہ ملنے کی صورت میں طلبہ اپنے داخلہ فارم اور ادا شدہ فیس کی فوٹو کاپی کے ہمراہ بہار سمسٹر کے لئے اپریل اور خزاں سمسٹر کے لئے اکتوبر تک یونیورسٹی سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ مقررہ مدت کے بعد رجوع کرنے پر یونیورسٹی جاری سمسٹر میں داخلہ دینے کی ذمہ دار نہ ہو گی۔ |
| 11 | اپنی کتب ایڈریس لیبل پر درج شدہ کوڈ نمبر کے مطابق چیک کریں اور کمی بیشی کی صورت میں شعبہ ترسیل سے فوری طور پر رابطہ کریں۔ یونیورسٹی کی مقرر کردہ فیس جمع کروانے پر پہلی امتحانی مشق جمع کروانے کی تاریخ سے قبل کورس تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ |
| 12 | یونیورسٹی نے اپنے تدریسی دورانیے کو چھ ماہ کی مدت میں تقسیم کیا ہوا ہے۔ ہر چھ ماہ کے عرصہ کو سمسٹر کہتے ہیں جس کے دوران طالب علم پڑھتے ہیں، امتحانی مشقیں حل کرتے ہیں، امتحان کی تیاری کرتے ہیں اور امتحان میں شریک ہوتے ہیں۔ |

| | |
|---|---|
| 13 | داخلہ کے لئے مطلوبہ اسناد جعلی ثابت ہونے کی صورت میں نہ صرف داخلہ منسوخ ہو گا بلکہ طالب علم کی ادا شدہ فیس بھی ضبط کر لی جائے گی اور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ |
| 14 | داخلہ فارم میں فراہم کردہ معلومات کسی بھی مرحلہ پر غلط / جھوٹ ثابت ہونے یا داخلہ کے لئے مقرر کردہ شرائط پر پورا نہ اترنے کی صورت میں یونیورسٹی داخلہ منسوخ کرنے کی مجاز ہو گی اور طالب علم سرٹیفکیٹ / ڈگری کے حصول کے لئے دعویٰ کا حق دار نہیں ہو گا۔ |
| 15 | ایک وقت میں دو مختلف پروگراموں میں داخلہ نہیں لیا جا سکتا۔ ایسی صورت میں یونیورسٹی قواعد کے مطابق نئے پروگرام کا داخلہ منسوخ اور فیس بھی ضبط کرنے کی مجاز ہو گی۔ |
| 16 | کسی قسم کی ترمیم / داخلے کی منسوخی کے لئے درخواست کے ساتھ طالب علم / طالبہ کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی لف کرنا ضروری ہے۔ |
| 17 | طلبہ کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ کسی بھی نجی ادارے یا فرد کو اختیار حاصل نہیں ہے کہ وہ یونیورسٹی کی طرف سے داخلہ فارم یا فیس وصول کریں۔ داخلہ فارم اور فیس صرف مروجہ طریقہ کار کے مطابق کریں بصورت دیگر یونیورسٹی کسی قسم کے نقصان کی ذمہ دار نہ ہو گی اور طالب علم کے خلاف تادیبی کاروائی بھی کی جا سکتی ہے۔ |
| 18 | داخلہ کے لئے ادا کی گئی فیس نہ تو قابل واپسی ہے اور نہ ہی کسی دوسرے طالب علم / سمسٹر یا پروگرام میں منتقل کی جا سکتی ہے۔ |
| 19 | امتحانی مشقوں کے پاسنگ مارکس 50 فیصد ہیں۔ امتحانی مشقیں بروقت جمع نہ کروانے یا 50 فیصد سے کم نمبر لینے والے طلبہ فیل قرار دیئے جائیں گے اور متعلقہ کورس میں دوبارہ داخلہ لینا ہو گا۔ |

## یاد رکھیں

| | |
|---|---|
| 1 | علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے داخلے سال میں دو مرتبہ ہوتے ہیں:<br>سمسٹر بہار کے داخلے ماہ جنوری / فروری میں ہوتے ہیں جبکہ سمسٹر خزاں کے داخلے ماہ جولائی / اگست میں ہوتے ہیں۔ |
| 2 | سمسٹر بہار (جنوری / فروری) میں اگر آپ پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر خزاں کی داخلہ فیس (جولائی / اگست) میں جمع کروانا ہو گی۔ |
| 3 | سمسٹر خزاں (جولائی / اگست) میں اگر آپ پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر بہار کی داخلہ فیس (جنوری / فروری) میں جمع کروانا ہو گی۔ |
| 4 | ایک سمسٹر میں زیادہ سے زیادہ 12 کریڈٹ آورز میں داخلہ لیا جا سکتا ہے۔ |
| 5 | کسی سمسٹر میں پہلے سے داخلہ جاری کو طلبہ (Continuing Students) کہا جاتا ہے۔ ان جاری طلبہ (Continuing |

| | |
|---|---|
| | (Students) کو اگلے سمسٹر کے لئے کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم بذریعہ ڈاک بھجوائے جاتے ہیں جو کہ مجوزہ فیس کے ساتھ مقررہ تاریخوں کے دوران جمع کروانے ضروری ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ آنلائن فارم (Online Form) بھی پُر کرنا لازمی ہے جو کہ https://www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔ |
| 6 | طلب علم کو اگر کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم نہ ملے تو یونیورسٹی کی ویب سائٹ (www.aiou.edu.pk) سے جاری طلبہ کا داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کر کے اوپر دیئے گئے شیڈول اور طریقہ کار کے مطابق فیس کے ساتھ جمع کروائیں۔ بصورت دیگر یونیورسٹی داخلہ کی ذمہ دار نہ ہوگی۔ |

| سمسٹر شیڈول | | | |
|---|---|---|---|
| نمبر شمار | سرگرمی | سمسٹر بہار | سمسٹر خزاں |
| 1 | داخلہ | جنوری تا فروری | جولائی تا اگست |
| 2 | ترسیل کتب | مارچ تا اپریل | ستمبر تا اکتوبر |
| 3 | مطالعہ کی مدت | مئی تا اگست | نومبر تا فروری |
| 4 | امتحانات | ستمبر | مارچ |
| 5 | نتائج | نومبر | مئی |

نوٹ: شیڈول کی مقرر کردہ تاریخوں کی معلومات کے لئے یونیورسٹی کی ویب سائٹ https://www.aiou.edu.pk ملاحظہ کریں۔

## اسے ضرور پڑھیں

داخلہ فارم پر اپنے گروپ کے مطابق چار ہندسوں کا پروگرام کوڈ ایڈمشن فارم کے متعلقہ خانوں میں لازمی لکھیں۔

اگر آپ جاری طلباؤ طالبات میں سے ہیں اور آپ کو جاری طلبہ کا داخلہ فارم موصول نہیں ہوا تو یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے جاری داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کریں اور مقررہ تاریخ کے اندر فیس کے ساتھ جمع کروائیں، فارم پر اپنا رول نمبر / رجسٹریشن نمبر ضرور تحریر کریں۔

## ضروری تاکید

آپ کی رجسٹریشن اگر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے کسی پروگرام میں پہلے سے ہو چکی ہے تو دوبارہ رجسٹریشن نہ کروائیں بلکہ پہلے والا رجسٹریشن نمبر درج کریں ورنہ آپ کا داخلہ منسوخ ہو سکتا ہے۔

## پروگراموں کا ایک جائزہ

| پروگرام | پروگرام کوڈ | اہلیت داخلہ | دورانیہ | مقررہ کریڈٹ |
|---|---|---|---|---|
| سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (میٹرک) | 0201 | مڈل پاس | چار سمسٹر | اڑتالیس |
| ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (ایف اے) | 0301 | میٹرک پاس | چار سمسٹر | اڑتالیس |
| آئی کام | 0306 | میٹرک پاس | چار سمسٹر | اڑتالیس |

# میٹرک پروگرام

# فیس

ا۔ میٹرک پروگرام کے تمام 3 کریڈٹ اور 6 کریڈٹ کورسز کی فیس فی کورس 50 امریکن ڈالر ہے۔ 3 کریڈٹ اور 6 کریڈٹ کورسز کی فیس برابر ہے۔

۲۔ میٹرک پروگرام میں پہلی مرتبہ داخلے لینے والے طلبہ کے لئے رجسٹریشن فیس 50 اور داخلہ فیس 50 امریکن ڈالر ہے جو کہ صرف ایک مرتبہ وصول کی جاری ہے۔

۳۔ داخلہ کے خواہشمند طلبہ اپنی فیس بذریعہ کریڈٹ کارڈ یا بینک چالان جمع کر کے (چالان کی یونیورسٹی کا پی) داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کر کے اوورسیز سیکشن، انٹرنیشنل آفس، کمرہ نمبر 102 بلاک نمبر 11 علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سیکٹر H-8 اسلام آباد، پاکستان کے پتہ پر ارسال کریں۔

میٹرک پروگرام میں پیش کئے جانے والے تعلیمی کورسز کی فہرست حسب ذیل ہے:

## سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ پروگرام (میٹرک)

(فی کورس 50 امریکن ڈالر، پہلی مرتبہ داخلہ لینے والوں کے لئے 50 امریکن ڈالر رجسٹریشن فیس اور 50 امریکن ڈالر داخلہ فیس)

ضروری تاکید: داخلہ فارم پر اپنے گروپ کے مطابق درج بالا چار ہندسوں کا پروگرام کوڈ ایڈمشن فارم کے متعلقہ خانوں میں لازمی لکھیں۔

## سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (میٹرک) جنرل پروگرام

میٹرک کی سطح پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی بیرون ملک طلبہ کے لئے میٹرک جنرل پروگرام پیش کرتی ہے جس کا پروگرام کوڈ 0201 ہے۔

## داخلہ کی شرائط (میٹرک جنرل پروگرام)

| | |
|---|---|
| (i) | سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (میٹرک) پروگرام میں داخلے لے لئے عرب ممالک میں مقیم طلبہ اپنے شناختی کارڈ، پاسپورٹ، ویزا اور اقامہ کی تصدیق شدہ کاپیاں داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں عرب ممالک کے علاوہ بیرون ملک پاکستانی اپنے داخلہ فارم کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی اور موجودہ رہائش کے ملک کے شناختی کارڈ / پاسپورٹ / ڈرائیونگ لائسنس کی کاپی منسلک کریں۔ |
| (ii) | غیر مسلم طلباؤطالبات کے لئے اسلامیات لازمی کی جگہ اخلاقیات کا مضمون لازمی ہے۔ |
| (iii) | داخلے لئے امیدوار کی عمر کم از کم 13 سال ہونی چاہئے۔ |
| (iv) | داخلہ فارم کے ساتھ تصویر چسپاں کریں، تصویر کے بغیر داخلہ فارم قابل قبول نہیں ہو گا۔ |
| نوٹ: | داخلہ فارم میں متعلقہ خانوں میں چار ہندسوں کا پروگرام کوڈ لازمی لکھیں۔ |
| | داخلہ فارم پر کرتے وقت طلباؤطالبات اپنے ب فارم / شناختی کارڈ کے مطابق نام / ولدیت / تاریخ پیدائش کا اندراج انتہائی محتاط انداز میں کریں، بعد میں کسی قسم کی تبدیلی ممکن نہیں ہو گی۔ نامکمل فارم پر داخلہ نہیں دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ فارم پر مکمل پتہ کا اندراج کریں۔ |

# معلومات و ہدایات برائے میٹرک جنرل برائے اوورسیز طلبہ

| | |
|---|---|
| (i) | مدت پروگرام دو سال (چار سمسٹر) ہے، داخلہ سال میں دو مرتبہ بہار اور خزاں بالترتیب جنوری اور جولائی میں کیا جاتا ہے۔ |
| (ii) | طالب علم ایک سمسٹر میں زیادہ سے زیادہ بارہ کریڈ آورز میں داخلہ لے سکتا ہے جس کی تفصیل کورس کوڈز میں موجود ہے۔ |
| (iii) | حصول سرٹیفکیٹ کے لئے 48 کریڈ آورز پاس کرنا ضروری ہیں، میٹرک جنرل گروپ کے پہلے تین سمسٹر کے تمام مضامین لازمی ہیں جبکہ چوتھے سمسٹر میں تمام مضامین اختیاری ہیں۔ |
| (iv) | چھ کریڈ کورس 18 یونٹوں پر جبکہ تین کریڈٹ کورس 9 یونٹوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ |
| (v) | داخلہ ہو جانے کے بعد نہ تو داخلہ منسوخ ہو گا نہ ہی فیس واپس ہو گی۔ |
| (vi) | طالب علم / والد کے نام میں غلطی کی صورت میں اسناد میں طلبہ کے اپنے یا اس کے والد کے نام یا تاریخ پیدائش میں فرق کی صورت میں مڈل پاس سرٹیفکیٹ / برتھ سرٹیفکیٹ / نادرا رجسٹریشن "ب" فارم / شناختی کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپی کے ساتھ دوران تعلیم درخواست دیں وگرنہ میٹرک مکمل ہو جانے کی صورت میں یونیورسٹی میں موجود ریکارڈ (نام، ولدیت اور تاریخ پیدائش) کو درست تصور کیا جائے گا اور شعبہ امتحانات اس کے مطابق ڈگری یا سرٹیفکیٹ جاری کرے گا۔ |

## پروگرام کوڈ0201

## سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ(جنرل گروپ) (مطلوبہ کریڈٹ آورز48)

### پہلا سمسٹر(مطلوبہ کریڈ آورز12) فیس200امریکن ڈالر

| کریڈٹ آورز | میڈیم | کورس ٹائٹل | کوڈ |
|---|---|---|---|
| 6 | اردو | اسلامیات یا | 201 |
| 6 | اردو | اخلاقیات(صرف غیر مسلم طلبہ کے لئے) | 251 |
| 6 | اردو | مطالعہ پاکستان | 202 |

### دوسرا سمسٹر(مطلوبہ کریڈ آورز12) 150امریکن ڈالر

| کریڈٹ آورز | میڈیم | کورس ٹائٹل | کوڈ |
|---|---|---|---|
| 6 | اردو | روزمرہ اردو | 204 |
| 3 | انگلش | انگریزی(حصہ اول) Compulsory English-I | 207 |
| 3 | اردو | ریاضی(حصہ اول) Mathematics-I | 247 |

### تیسرا سمسٹر(مطلوبہ کریڈ آورز12) 150امریکن ڈالر

| کریڈٹ آورز | میڈیم | کورس ٹائٹل | کوڈ |
|---|---|---|---|
| 6 | اردو | جنرل سائنس | 203 |
| 3 | انگلش | انگریزی(حصہ دوئم) Compulsory English-I | 221 |
| 3 | اردو | ریاضی(حصہ دوئم) English-II | 248 |

## چوتھا سمسٹر (مطلوبہ کریڈ آورز 12) فی کورس فیس 50 امریکن ڈالر

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| دیئے گئے اختیاری مضامین کی فہرست میں سے کسی ایک Option کا انتخاب کریں۔<br>Option-I کوئی سے چھ کریڈ آورز کے دو کورسز<br>Option-II چھ کریڈٹ آورز کا ایک کورس اور تین کریڈٹ آورز کے دو کورسز<br>Option-III تین کریڈٹ آورز کے چار کورسز | | | |

## اختیاری مضامین

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 205 | عربی | عربی | 6 |
| 215 | علم التعلیم | اردو | 6 |
| 217 | غذا اور غذائیت | اردو | 3 |
| 222 | عملی غذا اور غذائیت | اردو | 3 |
| 242 | سیرت طیبہ | اردو | 3 |
| 260** | Information Technology Basics | اردو | 3 |

# انٹرمیڈیٹ پروگرامز

# ہائر سیکنڈری سکول سر ٹیفکیٹ (انٹر میڈیٹ) پروگرام

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | جنرل گروپ | پروگرام کوڈ0301 | |
| 2۔ | آئی کام گروپ | پروگرام کوڈ0306 | |

# داخلہ کی شرائط (انٹر میڈیٹ جنرل و آئی کام پروگرام)

| | |
|---|---|
| (i) | ہائر سیکنڈری پروگراموں میں داخلے لے لئے طالب علم کا میٹرک کے لازمی اور اختیاری مضامین میں پاس ہونا ضروری ہے۔ کسی بھی لازمی یا اختیار مضمون میں ایف (F) گریڈ حاصل کرنے والے طلبأ/ طالبات ہائر سیکنڈری پروگرام میں داخلہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔ عرب ممالک مقیم طلبہ انٹر میڈیٹ پروگرام میں میٹرک یا مساوی تعلیمی سر ٹیفکیٹ، شناختی کارڈ، پاسپورٹ، ویزا، اقامہ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں جبکہ دیگر ممالک میں مقیم طلبہ انٹر میڈیٹ پروگرام میں داخلہ کے لئے میٹرک یا مساوی تعلیمی سر ٹیفکیٹ، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی اور موجودہ رہائش کے ملک کے شناختی کارڈ / پاسپورٹ / ڈرائیونگ لائسنس کی کاپی منسلک کریں۔ |
| (ii) | ہائر سیکنڈری پروگرام میں داخلہ لینے کے لئے ضروری ہے کہ طلبأ/ طالبات میٹرک کی (یونیورسٹی / بورڈ سے جاری شدہ) مارکس شیٹ یا سند کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ (مارکس شیٹ یا سند کی تصدیق شدہ کاپی منسلک نہ ہونے کی صورت میں داخلہ نہیں ہو گا)۔ اس کے علاوہ انٹرنیٹ سے لیا گیا پرنٹ بھی قابل قبول نہیں ہو گا۔ |
| (iii) | غیر مسلم طلبأ/ طالبات کے لئے اسلامیات لازمی کی جگہ اخلاقیات کا مضمون لازمی ہے۔ مسلم طلبأ/ طالبات اخلاقیات اور غیر مسلم طلبأ/ طالبات اسلامیات بطور نصف / 3 کریڈٹ کورس نہیں لے سکتے۔ |
| (iv) | یونیورسٹی ہذا سے میٹرک پاس کرنے والے طلبأ/ طالبات پروویژنل سر ٹیفکیٹ یا سند کی تصدیق شدہ کاپی فارم کے ساتھ لف کریں۔ (رزلٹ کارڈ پر داخلہ ممکن نہیں ہے)۔ |
| (v) | صرف ثانویہ عامہ / فاضل عربی / اردو وغیرہ کے حامل امیدواران کے لئے انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئر مین IBCC کا جاری کردہ مساوی سر ٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) داخلہ فارم کے ہمراہ منسلک کرنا لازم ہے بصورت دیگر داخلہ ممکن نہ ہو گا۔ مساوی سر ٹیفکیٹ کے حصول کی معلومات کے لئے https://ibcc.edu.pk/rules-for-equivalence/ وزٹ کریں |
| (vi) | دینی مدارس اور بیرون ملک کی تعلیمی قابلیت کی اسناد کے حامل امیدواروں کے لئے ضروری ہے کہ وہ حکومت پاکستان کی پالیسی کے مطابق جاری کردہ نصاب کے لازمی مضامین پاس ہوں اور انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئر مین سے مساوی تعلیم کا |

| | |
|---|---|
| | سرٹیفکیٹ حاصل کرکے داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ مساوی تعلیمی سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے https://ibcc.edu.pk/rules-for-equivalence/وزٹ کریں۔ |
| نوٹ: | داخلہ فارم پر کرتے وقت طلبأ و طالبات اپنی میٹرک کی سند کے مطابق اپنے نام وولدیت اور تاریخ پیدائش کا صحیح اندارج کریں۔ |

## معلومات وہدایات (برائے انٹر میڈیٹ جنرل و آئی کام گروپ)

## داخلہ فارم میں چار ہندسوں کا پروگرام کوڈ لازمی لکھیں

| | |
|---|---|
| (i) | ہائر سیکنڈری پروگرام چار سمسٹر پر مشتمل ہے۔ داخلہ سال میں دو مرتبہ بہار اور خزاں بالترتیب جنوری اور جولائی میں کیا جاتا ہے۔ |
| (ii) | ہائر سیکنڈری (انٹر میڈیٹ) کا سرٹیفیکیٹ حاصل کرنے کے لئے طالب علموں کو 48 کریڈٹ آورز کورسز پاس کرنے ہوتے ہیں۔ |
| (iii) | طالب علم ایک سمسٹر میں زیادہ سے زیادہ 12 کریڈٹ آورز میں داخلہ لے سکتا ہے۔ |
| (iv) | داخلہ ہو جانے اور کتب کی ترسیل کے بعد نہ تو داخلہ منسوخ ہو گا اور نہ ہی فیس واپس ہو گی۔ |
| (v) | یونیورسٹی نے اپنے تدریسی دورانئے کو چھ ماہ کی مدت میں تقسیم کیا ہوا ہے۔ ہر چھ ماہ کے عرصہ کو سمسٹر کہتے ہیں جس کے دوران طالب علم پڑھتے ہیں، امتحانی مشقیں حل کرتے ہین، امتحان کی تیاری کرتے ہیں اور امتحان میں شریک ہوتے ہیں۔ |
| (vi) | ایسے طلبأ/طالبات جنھوں نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی یا کسی دوسرے تعلیمی بورڈ سے HSSC (ایف اے) پروگرام مکمل کیا ہو دوبارہ اسی لیول کے کسی پروگرام میں داخلہ لینے کا اہل نہیں ہو گا البتہ اضافی کورس سرٹیفکیٹ میں داخلہ لینے پر پابندی نہیں ہو گی۔ |

**نوٹ:**

اردو، انگریزی اور شماریات کے حصہ دوئم سے پہلے ان مضامین کے حصہ اول میں داخلہ لیناضروری ہے۔ اسی طرح ریاضی کے حصہ اول، دوئم اور سوئم میں بالترتیب داخلہ لیں۔

ایک پروگرام مکمل کرنے کے لئے 48 کریڈٹ آورز پاس کرناضروری ہے۔

ایک سمسٹر میں زیادہ سے زیادہ 12 کریڈٹ آورز میں داخلہ لیا جاسکتا ہے۔

# فیس

ا۔ بیرون ملک مقیم انٹر میڈیٹ پروگرام کے طلبہ تمام کورسز کے لئے فی کورس فیس 75امریکن ڈالرہے۔ 3 یا6 کریڈٹ کورسز کی فیس برابرہے۔

۲۔ یونیورسٹی میں پہلی مرتبہ داخلہ لینے والے طلبہ سے 50امریکن ڈالر رجسٹریشن فیس اور 50امریکن ڈالر رجسٹریشن فیس لی جاتی ہے۔ جو طلبأ پہلے سے یونیورسٹی میں رجسٹرڈ ہیں وہ رجسٹریشن فیس جمع نہیں کروائیں گے۔

۳۔ داخلہ کے خواہشمند طلبہ اپنی فیس بذریعہ کریڈٹ کارڈ یا بینک چالان جمع کرکے ( چالان کی یونیورسٹی کاپی) داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کر اسلام آباد، پاکستان کے پتہ پر H-8 کے اوورسیز سیکشن، انٹرنیشنل آفس، کمرہ نمبر 102 بلاک نمبر 11 علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سیکٹر ارسال کریں۔

پروگرام کوڈ 0301

ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (جنرل گروپ)

(مطلوبہ کریڈ آورز 48)

پہلا سمسٹر (مطلوبہ کریڈٹ آورز 12)

یونیورسٹی میں پہلی مرتبہ داخلہ لینے والے طلبہ کے لئے 400 امریکن ڈالر فیس

پہلے سے رجسٹرڈ طلبہ کے لئے 350 امریکن ڈالر فیس

پہلے سے انٹرمیڈیٹ پروگرام میں داخل طلبہ کے لئے 300 امریکن ڈالر فیس

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 316 | اسلامیات یا | اردو | 3 |
| 319 | اخلاقیات (صرف غیر مسلم طلبہ کے لئے) | اردو | 3 |
| 317 | مطالعہ پاکستان | اردو | 3 |
| 363 | اردو (حصہ اول) | اردو | 3 |
| 386 | انگریزی (حصہ اول) Compulsory English-I | انگلش | 3 |

## دوسرا سمسٹر (مطلوبہ کریڈٹ آورز 12) فیس 75 امریکن ڈالر فی کورس ٹوٹل فیس 225 امریکن ڈالر

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 364 | اردو (حصہ دوئم) | اردو | 3 |
| 387 | انگریزی (حصہ دوئم) Compulsory English-II | انگلش | 3 |
| 312 | علم التعلیم | اردو | 6 |

## تیسرا سمسٹر (مطلوبہ کریڈٹ آورز 12) فیس 75 امریکن ڈالر فی کورس

| |
|---|
| دیئے گئے اختیاری مضامین کی فہرست میں سے کسی ایک Option کا انتخاب کریں۔ |
| Option-I کوئی سے چھ کریڈ آورز کے دو کورسز |
| Option-II چھ کریڈٹ آورز کا ایک کورس اور تین کریڈٹ آورز کے دو کورسز |
| Option-III تین کریڈٹ آورز کے چار کورسز |

## چوتھا سمسٹر (مطلوبہ کریڈٹ آورز 12) فیس 75 امریکن ڈالر فی کورس

| |
|---|
| دیئے گئے اختیاری مضامین کی فہرست میں سے کسی ایک Option کا انتخاب کریں۔ |
| Option-I کوئی سے چھ کریڈ آورز کے دو کورسز |
| Option-II چھ کریڈٹ آورز کا ایک کورس اور تین کریڈٹ آورز کے دو کورسز |
| Option-III تین کریڈٹ آورز کے چار کورسز |

# اختیاری مضامین

| سیریل نمبر | کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 301 | دفتری اردو | اردو | 3 |
| 2 | 303 | اقبالیات | اردو | 6 |
| 3 | 305 | دیہی ترقی | اردو | 3 |
| 4 | 308 | جنرل سائنس | اردو | 6 |
| 5 | 309 | عربی | اردو | 6 |
| 6 | 311 | کھاتہ نویسی و محاسبی | اردو | 6 |
| 7 | 315 | معاشیات | اردو | 6 |
| 8 | 321 | تاریخ مسلمانان برصغیر | اردو | 6 |
| 9 | 322 | دفتری دستور العمل | اردو | 3 |
| 10 | 330 | بچے کی نگہداشت | اردو | 3 |
| 11 | 343 | اسلامیات (اختیاری) | اردو | 6 |
| 12 | 345 | گھریلو انتظام و آرائش | اردو | 3 |
| 13 | 346 | اصول تجارت | اردو | 6 |
| 14 | 347 | بینکنگ | اردو | 3 |
| 15 | 349 | پودوں کی حفاظت | اردو | 3 |
| 16 | 356 | غذا اور غذائیت | اردو | 3 |
| 17 | 357 | صحت اور غذائیت | اردو | 3 |
| 18 | 360 | Information Technology Applications | اردو | 3 |
| 19 | 361 | فارسی | اردو | 6 |
| 20 | 376 | انسانی حقوق | اردو | 6 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 6 | اردو | قرآن حکیم (ترجمہ) | 389 | 21 |
| 3 | انگلش | Statistics-I شماریات (حصہ اول) | 394 | 22 |
| 3 | انگلش | Statistics-II شماریات (حصہ دوم) | 395 | 23 |
| 3 | اردو | سندھی + آسان اردو (حصہ اول) | 398 | 24 |
| 3 | اردو | سندھی + آسان اردو (حصہ دوم) | 399 | 25 |
| 3 | انگلش | Mathematics-I ریاضی (حصہ اول) | 1307 | 26 |
| 3 | انگلش | Mathematics-II ریاضی (حصہ دوم) | 1308 | 27 |
| 3 | انگلش | Mathematics-III ریاضی (حصہ سوم) | 1309 | 28 |

* کورس کوڈ 394 کے ساتھ 395 کا انتخاب لازمی ہے۔

** کورس کوڈ 398 کے ساتھ 399 کا انتخاب لازمی ہے۔

*** کورس کوڈ 1307 کے ساتھ 1308 اور 1309 کا انتخاب لازمی ہے۔

## پروگرام کوڈ0306

## آئی کام(کامرس گروپ)(تمام سمسٹر اور کورسز لازمی ہیں)

### پہلا سمسٹر

یونیورسٹی میں پہلی مرتبہ داخلہ لینے والے طلبہ کے لئے400امریکن ڈالر فیس

پہلے سے رجسٹرڈ طلبہ کے لئے350 امریکن ڈالر فیس

پہلے سے انٹر میڈیٹ پروگرام میں داخل طلبہ کے لئے300امریکن ڈالر فیس

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 316 | اسلامیات یا | اردو | 3 |
| 319 | اخلاقیات(صرف غیر مسلم طلباؤ طالبات کے لئے) | اردو | 3 |
| 317 | مطالعہ پاکستان | اردو | 3 |
| 363 | اردو(حصہ اول) یا | اردو | 3 |
| 386 | انگریزی(حصہ اول) Compulsory English-I | انگلش | 3 |

### دوسرا سمسٹر

300امریکن ڈالر فیس

| کوڈ | کورس ٹائٹل | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|
| 1339 | Basics of Accounting | 3 |
| 1345 | Principles of Commerce | 3 |
| 1347 | Commercial geography | 3 |
| 1349 | Introduction to Business Math | 3 |

## تیسرا سمسٹر

## 300امریکن ڈالر فیس

| کریڈٹ آورز | کورس ٹائٹل | کوڈ |
| --- | --- | --- |
| 3 | Compulsory English-II | 387 |
| 3 | Urdu-II | 364 |
| 3 | Business Accounting | 1340 |
| 3 | Essentials of Commerce | 1346 |

## چوتھا سمسٹر

## 300امریکن ڈالر فیس

| کریڈٹ آورز | کورس ٹائٹل | کوڈ |
| --- | --- | --- |
| 3 | Secretarial Practice | 322 |
| 3 | Banking | 347 |
| 3 | Introduction to Economics | 1348 |
| 3 | Introduction to Business Statistics | 1350 |

## دوران سمسٹر سرگرمیاں

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی فاصلاتی نظام تعلیم کے تحت اپنے طلبہ کو تعلیمی خدمات فراہم کرتی ہے۔ یونیورسٹی کے کسی بھی پروگرام میں داخلہ لینے والے طلبہ مندرجہ ذیل تعلیمی سرگرمیاں سرانجام دینے کے پابند ہوں گے:

### ا۔ ترسیل مطالعاتی مواد

یونیورسٹی میں داخلہ لینے والے طلبہ کو ان کا متعلقہ مطالعاتی مواد خزاں سمسٹر کے لئے ماہ ستمبر تا اکتوبر میں اور بہار سمسٹر کے لئے ماہ مارچ تا اپریل میں ان کے داخلہ فارم میں دیئے گئے پتہ یا ای میل ایڈریس پر ارسال کر دیا جاتا ہے۔ بیرون ملک طلبہ کو چاہئے کہ وہ کتب اور مطالعاتی مواد کی وصولی کے لئے ای میل چیک کرتے رہیں یا چیک کرنے والے سے رابطہ میں رہیں۔ اگر کسی طالب علم کو سمسٹر خزاں کے لئے اکتوبر اور سمسٹر بہار کے لئے اپریل تک کتب موصول نہ ہوں تو وہ فوراً انٹرنیشنل آفس، اوورسیز سیکشن سے رابطہ کریں۔ ڈائریکٹوریٹ کا عملہ پاکستانی وقت کے مطابق صبح آٹھ بجے سے شام چار بجے تک طلبہ کی رہنمائی اور سہولت کے لئے موجود ہوتا ہے۔

یونیورسٹی کی جانب سے طلبہ کو ارسال کئے گئے مطالعاتی پیکٹ / ای میل میں مندرجہ ذیل مواد شامل ہوتا ہے:

ا۔ جن مضامین میں داخلہ لیا گیا ہوں ان کی کتابیں (کتابیں گوگل ڈرائیو لنک کے ذریعہ ارسال کی جاتی ہیں)۔

۲۔ امتحانی مشقوں کے سوالیہ پرچے (ہر 3 کریڈٹ کے لئے دو امتحانی مشقیں اور ہر مکمل کریڈٹ کے لئے چار امتحانی مشقیں)

۳۔ امتحانی مشقوں کا شیڈول

۴۔ ہر امتحانی مشق کے لئے تین پرت (3 کریڈٹ کے لئے چھ اور 6 کریڈٹ کے لئے بارہ)۔ امتحانی مشقوں کے پرت فوٹو کاپی کر کے بھی استعمال کئے جاسکتے ہیں۔

### ۲۔ سرگرمیاں

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے تمام کورسز اس طرح سے ترتیب دیئے گئے ہیں کہ طلبہ انہیں پڑھ کر سمجھ سکتے ہیں اور خود سے امتحان کی تیاری کر سکتے ہیں۔ طلبہ کو چاہئے کہ درسی مواد ملتے ہی مطالعہ شروع کر دیں اور ہر یونٹ کے آخر میں دیئے گئے خود امتحانی سوالات کے جوابات کے ذریعے اپنے مطالعے کی جانچ کریں۔

تین یاچار یونٹس کے مطالعہ کے بعد طلبہ کو چاہئے کہ وہ پہلی امتحانی مشق حل کریں۔ امتحانی مشقیں طلبہ کو حل کرنے کے لئے بھیجی جاتی ہیں جنہیں وہ حل کر کے شیڈول کے مطابق اپنے ٹیوٹرز کو ارسال کرتے ہیں تاکہ وہ ان کے مطالعہ کی جانچ کر سکیں۔ یہ امتحانی سرگرمی بالکل حتمی امتحان کی طرح ہوتی ہے اور اس کے ۳۰ فیصد نمبر حتمی امتحان میں شامل کئے جاتے ہیں۔ امتحانی مشقیں بروقت جمع نہ کروانے کی صورت میں طالب علم کا سمسٹر ضائع ہو جاتا ہے اور حتمی امتحان میں شامل نہیں ہو سکتا۔ جس مضمون کی امتحانی مشقیں بروقت جمع نہ کی جائیں یا ان میں فیل ہو جائے تو اس مضمون میں دوبارہ داخلہ لینا پڑتا ہے۔

بیرون ملک طلبہ اپنی حل شدہ ہر امتحانی مشق کے ساتھ تین مشقی پرت منسلک کر کے انہیں ای میل میں دی گئی ہدایات کے مطابق جمع کریں۔ کسی بھی مسئلہ کی صورت میں مندرجہ ذیل ٹیلیفون نمبرز اور ای میل پر رابطہ کریں:

فون نمبر: +92519057165، +92519250175

ای میل: overseas@aiou.edu.pk

نوٹ: تاخیر سے جمع کی گئی اسائنمنٹس قبول نہیں کی جائیں گے۔

۱۔ 3 کریڈٹ کورسز کی چار اور چھ کریڈٹ کورسز کی دو امتحانی مشقی ہوتی ہیں۔

۲۔ امتحانی مشقیں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے نظام تعلیم کا لازمی حصہ ہیں۔ ان میں 50 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہے۔ 50 فیصد سے کم نمبروں والے طلبہ فیل ہوتے ہیں اور حتمی امتحان نہیں دے سکتے۔ جس مضمون کی امتحانی مشقی جمع نہ ہوں، تاخیر سے ارسال کی جائیں یا 50 فیصد سے کم نمبر ہوں ان کا داخلہ دوبارہ لینا پڑتا ہے۔

۳۔ طلبہ کو چاہئے کہ وہ اپنی امتحانی مشقوں کی ایک فوٹو کاپی اپنے پاس بطور ریکارڈ محفوظ رکھیں۔

۴۔ تمام پروگراموں کے امتحانات عمومی طور پر خزاں سمسٹر کے لئے جون اور بہار سمسٹر کے لئے دسمبر میں منعقد ہوتے ہیں۔ رول نمبر سلپ بذریعہ ڈاک بروقت نہ ملنے کی صورت میں فوراً شعبہ امتحانات سے رابطہ کریں یا یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے رولنمبر سلپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

# حتمی امتحانات

۱۔ ہر سمسٹر کے آخر میں حتمی امتحانات منعقد کئے جاتے ہیں۔ حتمی امتحانات میں صرف وہ طلبہ شامل ہو سکتے ہیں جنہوں نے امتحانی مشقیں بروقت جمع کی ہوں اور ان میں 50 فیصد نمبر حاصل کئے ہوں۔

۲۔ حتمی امتحانات کے لئے رولنمبر سلپ، شیڈول اور امتحانی مرکز وغیرہ کی معلومات شعبہ امتحانات طلبہ کے داخلہ فارم میں دیئے گئے پتہ پر ارسال کرتا ہے نیز تمام معلومات ہمہ وقت یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہوتی ہیں۔ طلبہ کہ چاہئے کہ یونیورسٹی کی ویب سائٹ وزٹ کرتے رہے ہیں اور معلومات کے بروقت حصول کو یقینی بنائیں۔

۳۔ حتمی امتحانات میں پاس ہونے کے لئے کم از کم نمبر 50 ہیں۔ جو طلبہ 50 فیصد نمبر حاصل نہیں کر سکتے انہیں دوسرا اور تیسرا موقع دیا جاتا ہے۔ اگر تینوں مواقع میں طالب علم امتحان پاس کرنے میں ناکام ہو جائے تو اسے فیل شدہ مضمون میں دوبارہ داخلہ لینا پڑتا ہے۔

۴۔ حتمی امتحانات کے نتائج کی تیاری میں حتمی امتحان کے نمبروں کی قدر ۷۰ فیصد اور امتحانی مشقوں کی قدر ۳۰ فیصد شمار کی جاتی ہے۔ مندرجہ ذیل ٹیبل میں ایک مکمل کریڈ کورس کے متحانی نتائج کا فارمولا دیا گیا ہے:

| | | |
|---|---|---|
| 4امتحانی مشقوں میں حاصل کردہ | 310 | |
| فارمولا | 310÷4x30÷100=24 | 24 |
| حتمی امتحان میں حاصل کردہ نمبر | 60 | |
| | 60x70÷100=42 | 42 |
| کل حاصل کردہ نمبر | | 60 |

۵۔ طلبہ کے لئے امتحان پاس کرنے کے لئے ضروری ہے کہ وہ ہر مضمون میں مشقی نمبروں اور حتمی امتحان کے نمبروں کو ملا کر مندرجہ بالا فارمولے کے مطابق کم از کم 50 فیصد نمبر حاصل کریں۔

۶۔ تمام مضامین کے امتحانات یونیورسٹی کے قوانین کے مطابق پاس کرنے کے بعد طلبہ کو چاہئے کہ وہ یونیورسٹی کی ویب سائٹ اور شعبہ امتحانات میں دستیاب ڈگری فارم حاصل کر کے اسے مکمل کریں اور ضروری دستاویزات منسلک کر کے سرٹیفکیٹ یا ڈگری کے حصول کے

لئے شعبہ امتحانات میں درخواست جمع کروائیں۔ڈگری کے حصول کے لئے مقرر کردہ فیس نامزد بینک میں جمع کرواکر چالان فارم کی یونیورسٹی کاپی ڈگری فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ڈگری درخواست فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

۷۔جملہ ریکارڈ کی جانچ پڑتال اور قواعد کی کاروائی کے بعد شعبہ امتحانات سرٹیفکیٹ اور ڈگری جاری کرتا ہے۔

## ضروری ہدایات

۱۔برائے مہربانی پراسپکٹس اور داخلہ فارم میں دی گئی معلومات کا بغور مطالعہ کریں اور ان پر عمل کریں۔

۲۔داخلہ فارم صاف لکھائی کے ساتھ مکمل کریں اور تمام خانے پر کریں۔

۳۔مضامین کا انتخاب بہت احتیاط سے کریں،فارم جمع ہو جانے کے بعد مضامین تبدیل نہیں کئے جاتے۔

۴۔نامکمل داخلہ فارم قبول نہیں کئے جاتے۔

۵۔داخلہ فیس کا حساب احتیاط کے ساتھ پوری فیس جمع کروائیں۔کم فیس جمع ہونے کی صورت میں داخلہ نہیں ہوگا اور زیادہ فیس جمع کرنے کی صورت میں فیس کی واپسی نہیں ہے۔

۵۔تمام دستاویزات کی نقول گریڈ ۱۷ یا اس سے اوپر کے افسر سے تصدیق شدہ ہونی چاہئیں۔

۶۔فیس ناقابل واپسی ہے اور کسی دوسرے طالب / سمسٹر یا پروگرام میں منتقل بھی نہیں کی جاسکتی۔

## یونیورسٹی کے تمام پروگراموں کے داخلہ کے قواعد

۱۔داخلہ فارم مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں:

https://aiou.edu.pk/overseasdel.asp

۲۔داخلہ فارم انگریزی کے بڑے حروف میں پُر کریں۔اردو میں پُر کئے گئے داخلہ فارم قابل قبول نہیں ہیں۔

۳۔دوعدد پاسپورٹ سائز تصاویر بغیر تصدیق کے داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔

۴۔تعلیمی دستاویزات (سرٹیفکیٹ،مارک شیٹ) کی تصدیق شدہ فوٹوکاپیاں داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔

۵۔اصل چالان رسید داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں،فوٹوکاپی قابل قبول نہیں ہے۔

۶۔داخلہ فارم پر مکمل پتہ واضح طور پر لکھیں جس پر درسی مواد و دیگر خط و کتابت آسانی سے مل سکے۔

۷۔ داخلہ فارم بمع اصل بینک چالان رسید، جملہ تعلیمی دستاویزات، قانونی وشناختی دستاویزات (شناختی کارڈ، پاسپورٹ، ویزااور اقامہ) کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں اور دوعدد غیر تصدیق شدہ تصاویر کے مندرجہ پتہ پر ارسال کریں:

اوورسیز سیکشن، انٹرنیشنل آفس

کمرہ نمبر102 بلاک نمبر11،

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی،

سیکٹر ایچ۔۸ اسلام آباد۔

**ہیلپ لائن:**

پراسپکٹس میں تحریر شدہ کوئی چیز سمجھ نہ آئے یا کوئی مسئلہ ہو تو مندرجہ ہیلپ لائن پر فون کر کے یا ای میل سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں یا ویب سائٹ سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

+92 51 905 7165, +92 51 925 0175

Email: overseas@aiou.edu.pk

ویب سائٹ:

https://aiou.edu.pk

https://aiou.edu.pk/overseasdel.asp


http://overseas.aiou.edu.pk

# ALLAMA IQBAL OPEN UNIVERSITY
## (International Collaboration & Exchange Office)

**Dear Applicant**


Allama Iqbal Open University and Directorate of International Collaboration & Exchange welcome and thanks you for showing your interest in our programs. In Phase -I (15 July to 6th September 2021) AIOU is offering Matric (SSC), FA/ICOM (HSSC), Commonwealth of Learning MBA and MPA Programs to all international students. Please note our admissions, fee deposit, classes, assignments, discussion, information to students and exams are now online. Here we will share or guide you how to fill up the online admission for Matric (SSC), FA (HSSC) and COL MBA and MPA.

First open a Browser and WWW.AIOU.EDU.PK you will be at this page/window.





Click **Online Admission Forms**under ADMISSION. On next window you will find **Four Options.**
**Please click option four if you want to read or download the prospectus**


1. Admissions for Fresh Students
2. Enrolment for Continuing Students (will start from 16 August 2021)
3. Downloads Prospectus (For National Students)
4. **Downloads Prospectus (For International Students)**





Read this page with care, here you will find basic information for international students like admission start and last date, programs in offering in Phase-I and Phase -II. Also prospectus of different programs (for international students) with contact details.




To fill up online admission form click Option **For Online Admission Forms Click Here**





Click on**Admission For Fresh Students**




On clicking **Admission For Fresh Students** You will be at this window. Here please click on Create Account. Create your account with your email (Phone number option is not available for international students)





On creating account with email, you will have a **CODE at your email**. Put that code at this page and proceed further




On successfully creating the account then sign in with your **email and password**




Click on **Applied for New Program. You will have two options Face to face Programs and Open Distance Learning Programs.**





**If you want to apply for Matric, FA and ICOM then Click Open Distance Learning Programs and if you want to apply for COL MBA and MPA then click Face to face Programs clickFace to face Programsand then option 2 i.e. F2F – MS/MPhil/ MSc Hons. Here you will find COL MBA and MPA (ignore MBA Executive)**





Then select the program you are interested; you will be at the new window and fill up the information.

For COM MBA and MPA fill-up the information at this page, your last degree information. Under **Degree Type** click Degree and under **Degree Level** click 16 or 18 years of education. Under **DEGREE** click relevant option. Then your **Preference/Major** click relevant option and then under **Board/university** select your university. By this first part of information will be completed. Then give information about **MARKS INFORMATION**. Under **Starting Year** and **Passing Year**select year degree you started and passed. Also under **Roll Number**type your roll number of the degree. The **Exam type** Annual or Semester and then **Grading.** Then fill up **Total Marks** and **Obtained Marks.** Then **Division** will be filled-in automatically**.**



Click one by one the options **Program of Study, Personal information, Academic Record, Professional Experience, Course Information and Photographs & Documents**and fill up all the information under these heading. At the last accept all undertakings. Applicants of SSC, HSSC programs will pay the fee online and applicants for COL MBA and MPA will not pay any fee at this stage. They will pay on passing the entry test which will be online.



**THANKS AND LET US KNOW HOW WE CAN HELP OR GUIDE YOU FURTHER**

**Admission Schedule for International Students:**
From semester Autumn 2021, the AIOU has started offering of Matric, FA, Certificate Courses, BS, B.ED, BBA, PGD and COL MBA Programs for international students. Schedule of Admission is given below:

1. **Matric, FA Programs from July 15, 2021 to September 06, 2021**
2. **COL MBA/MPA Program from July 15, 2021 to August 23, 2021**
3. **BS/B.ED/PGD and BBA Programs from September 01, 2021**

**Coordinator Overseas**
**Address:** International Collaboration and Exchange Office
Room No. 102, Block No. 11, Allama Iqbal Open University
Sector H-8, Islamabad Pakistan
**Telephone:** +92-51-9057165, +92519250175
**Email:**overseas@aiou.edu.pk